
خواتین اور روزگار

# پنجاب میں جہاں غربت زیادہ ہے، وہاں خواتین کے پیسے کمانے کا امکان سب سے زیادہ ہے۔

اجرت پر کام کرنے والی گھرانے کی خواتین




Source: Gallup & Gilani Pakistan
(www.gallup-international.com;
www.gallup.com.pk www.gilanifoundation.com)

GALLUP PAKISTAN
Affiliated with Gallup International
Pakistan's Foremost Social Research Lab

(Also emailed*/faxed separately)

# پریس ریلیز

## بگ ڈیٹا کا تجزیہ (بڑے ڈیٹا کا جائزہ)

## خواتین اور روزگار

## پنجاب میں جہاں غربت زیادہ ہے، وہاں خواتین کے پیسے کمانے کا امکان سب سے زیادہ ہے۔

(اسلام آباد)، 24 جون 2026


گیلپ پاکستان ڈیجیٹل اینالیٹکس نے ضلعی سطح کے ایسے ڈیش بورڈز تیار کیے ہیں جن سے معلوم ہوتا ہے کہ صوبائی اوسط اعداد و شمار اکثر اصل صورتحال کو چھپا دیتے ہیں۔ اس کی ایک واضح مثال پنجاب میں خواتین کی ملازمت (یعنی تنخواہ پر کام کرنے) سے سامنے آئی ہے۔ اگرچہ اس حوالے سے صوبہ (پنجاب) کی اوسط شرح 19.8% ہیں، لیکن ضلعی سطح پر یہ شرح بہت مختلف ہے۔ بہاولنگر میں یہ شرح 58.0% ہے جبکہ بھکر میں سب سے کم یعنی صرف 1.2% ہے، جو دونوں اضلاع میں تقریباً 57% کے فرق کو ظاہر کرتا ہے۔

خواتین کی ملازمت (یعنی تنخواہ پر کام کرنے) کی سب سے زیادہ شرح جنوبی پنجاب میں دیکھنے میں آئی ہے۔ بہاولنگر (58.0%)، لودھراں (54.2%)، اور ڈیرہ غازی خان (39.6%) صوبے میں سب سے آگے ہیں، جبکہ لاہور (14.2%) فیصل آباد (9.4%)، گجرات (5.9%)، سیالکوٹ (4.5%) اور بھکر (1.2%) جیسے اضلاع میں یہ شرح بہت کم ہے۔

بظاہر، خواتین کے ملازمت کرنے کی زیادہ شرح شاید یہ تاثر دے کہ وہاں خواتین کے لیے معاشی مواقع بہتر ہیں۔ تاہم، اضلاع کی صورتحال ایک مختلف کہانی بیان کرتی ہے۔ جن اضلاع میں خواتین کے کام کرنے کی شرح سب سے زیادہ ہے، ان میں سے زیادہ تر پنجاب کے کم ترقی یافتہ اور غریب اضلاع شامل ہیں۔ ان علاقوں میں خواتین کا پیسے کمانا کسی بہتر موقع کی وجہ سے نہیں، بلکہ معاشی مجبوری اور ضرورت کے تحت ہے۔

اس کے برعکس، پنجاب کے امیر اور ترقی یافتہ شہری اضلاع میں خواتین کے کام کرنے کی شرح کافی کم ہے۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ صرف خواتین کے کام کرنے کے اعداد و شمار سے یہ اندازہ نہیں لگایا جا سکتا کہ وہ کتنی خود مختار ہیں یا معاشی حالات کتنے بہتر ہیں۔ کئی صورتوں میں یہ شرح اس بات کی بھی عکاسی کر سکتی ہے کہ گھرانوں پر مالی دباؤ کتنا زیادہ ہے۔

یہ نتائج ظاہر کرتے ہیں کہ ضلعی سطح پر جائزہ لینا کیوں ضروری ہے۔ پورے صوبے کی اوسط 19.8% شرح پنجاب کے مختلف اضلاع کے درمیان موجود بڑے فرق کو چھپا دیتی ہے۔ اس سے ثابت ہوتا ہے کہ خواتین کی معاشی حالت کو سمجھنے کے لیے صرف مجموعی شرح دیکھنا کافی نہیں، بلکہ مقامی حقائق کو بھی دیکھنا ضروری ہے۔




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

یہ تجزیہ گیلپ پاکستان ڈیجیٹل اینالیٹکس کے ضلعی ڈیش بورڈ کا استعمال کرتے ہوئے کیا گیا ہے، جو پنجاب کے گھرانوں کے سروے پر مبنی ہے۔ یہ اشاریہ (indicator) اُن گھرانوں کی شرح بتاتا ہے جہاں گھرانے کی کوئی خاتون (بشمول بیوی) پیسے کمانے کے لیے کام کرتی ہے۔
صوبائی اوسط: 19.8% (سروے میں شامل گھرانے: 5,213)۔

***Opinion Poll from Gallup Pakistan***

*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

**Wednesday, 24 June 2026**

*(2 Pages, Urdu version only)*

***Gilani Research Foundation is a not-for-profit public service project to provide social science research to students, academia, policymakers, and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently, Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*
*Gallup Pakistan*

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as* ***Gallup Pakistan*** *(not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by* ***Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association.***

*For more details about the Gallup International Association and to stay connected, please visit:*

- Official Website: www.gallup-international.com
- Instagram: https://www.instagram.com/gallup_international
- Facebook:https://www.facebook.com/people/Gallup-International-Association/100089179655116/
- LinkedIn: https://www.linkedin.com/company/gallup-international-association

Daily Gilani Poll
2026

celebrating 46 years of Gallup Pakistan (1980-2026)